**AQF / Shabbir**

**18-03-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 بھارت اور نیوزیلینڈ نے دفاع، تعلیم، کھیلوں، باغبانی اور جنگلات کے شعبوں میں پانچ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔

2- لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج دلّی اسمبلی کے نومنتخب ارکان کیلئے دو روزہ **Orientation** پروگرام کا آغاز کریں گے۔

3- مہاراشٹر کے ناگپور شہر میں تشدد کے پیش نظر امتناعی احکامات نافذ کردیئے گئے ہیں۔

4- امریکہ نے بنگلہ دیش میں مذہبی اقلیتوں کو مسلسل نشانہ بنائے جانے پر گہری تشویش ظاہر کی ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے اُن کے ہم منصب ولادیمیر پوتن یوکرین جنگ ختم کرنے کے سلسلے میں آج بات چیت کریں گے۔

6- اور : بین الاقوامی اولمپک کمیٹی نے **2028** کے لاس اینجلس اولمپک گیمس میں باکسنگ کو شامل کئے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**NEW ZEALAND PM VISIT**

بھارت اور نیوزیلینڈ نے دفاع، تعلیم، کھیلوں، باغبانی اور جنگلات کے شعبوں میں پانچ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ دونوں ممالک نے آزاد تجارتی معاہدے اور پیشہ ورانہ اور ہنر مند ورکروں کی آمد ورفت میں سہولت کی خاطر بات چیت کے آغاز کا بھی اعلان کیا۔ نیوزیلینڈ بھارت بحرالکاہل سمندری اقدام میں شامل ہوگیا ہے اور وہ قدرتی آفات سے نمٹنے سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے اتحاد کا ایک ممبر بن گیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور نیوزیلینڈ کے اُن کے ہم منصب **Christopher Luxon** نے کل نئی دلّی میں بات چیت کی۔ بات چیت میں بھارت نیوزیلینڈ تعلقات کے مختلف پہلو زیر غور آئے۔ اپنے پریس بیان میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور طرفین نے

دفاع اور سکیورٹی سے متعلق شراکت داری کو مستحکم کرنے اور ادارہ جاتی بنانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مشقوں، تربیت اور بندرگاہوں کے دورے سمیت دفاع کی صنعت میں باہمی اشتراک کیلئے ایک نقشہ راہ تیار کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی طور پر سود مند آزاد تجارتی معاہدے کیلئے بات چیت کے آغاز کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس سے باہمی تجارو سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور نیوزیلینڈ دہشت گرد، علیحدگی پسند اور شدت پسند عناصر کے خلاف اشتراک جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں نیوزیلینڈ کے وزیراعظم Christopher Luxon نے کہا کہ دونوں فریق، دونوں کیلئے فائدہ مند آزاد تجارتی معاہدے کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیوزیلینڈ بھارت میں اپنی سفارتی موجودگی بڑھائے گا۔ بعد میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارت خارجہ میں سکریٹری مشرق Jaideep Mazumdar نے خالصتانی عناصر پر تبادلہ خیال سے متعلق ایک سوال پر کہا کہ یہ معاملہ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت میں سامنے آیا تھا۔

نیوزیلینڈ کے وزیراعظم اور ان کے وفد نے راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کی۔ وزیراعظم مودی اور جناب لکسن نے کل شام نئی دلّی میں دَسویں رائے سینا مذاکرات کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ اپنے کلیدی خطاب میں جناب لکسن نے کہا کہ بھارت اور نیوزیلینڈ خوش قسمت ہیں، کیونکہ وہ دنیا کے اقتصادی طور پر سب سے منفرد خطے کا حصہ ہیں۔

**DELHI ASSEMBLY**

دلی اسمبلی اپنے نومنتخبہ MLAs کے لیے دو روزہ Orientation پروگرام منعقد کرے گی، جو آج سے شروع ہو رہا ہے۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا پروگرام کا افتتاح کریں گے۔ پروگرام کا مقصد قانون سازوں کو پارلیمانی کارروائیوں کی معلومات مثالی ضابطۂ عمل اور بہتر حکمرانی کے طریقوں سے آراستہ کرنا ہے۔ افتتاحی اجلاس میں دلی اسمبلی اسپیکر وجیندر گپتا، نائب اسپیکر موہن سنگھ Bist ، دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا اور اپوزیشن کی رہنما آتشی سمیت کئی معزز شخصیات موجود ہوں گی۔ پروگرام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے دلی اسمبلی اسپیکر وجیندر گپتا نے کہا کہ یہ Orientation پروگرام MLAs کی قانون سازیہ سے متعلق صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کی ایک اہم پہل ہے۔

مذکورہ پروگرام، پارلیمانی کارروائیوں، Legistative مسودے اور بامعنی بحث و مباحثے کو سمجھنے میں اسمبلی میں اُن کے مؤثر شراکت داری کے لیے ان کی مدد کرے گا۔ یہ دو روزہ پروگرام اچھی حکمرانی پالیسی سازی اور Legislatve فریم ورک کے موضوع پر ماہرین کے لیکچرس، پینل مباحثے اور بات چیت کے اجلاس پر مرکوز ہوگا۔ جمہوریتوں کا پارلیمانی تحقیق اور تربیت سے متعلق ادارہ (PRIDE) تربیتی اجلاس منعقد کرہاہے۔

**MAHA NAGPUR VIOLENCE**

مہاراشٹر کے سینٹرل ناگپور کے Mahal علاقے میں گذشتہ شام دو گروپوں کے درمیان کشیدگی پیدا ہوگئی۔ مذہبی علامات کی مبینہ توہین کی افواہوں نے دو گروپوں کے درمیان فقرہ وارانہ تنازع کو ہوا دی، جس کے نتیجے میں کچھ سماج دشمن عناصر کے ذریعے پتھراؤ اور گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات پیش آئے۔ پولیس فورسز نے فساد پر قابو پانے کیلئے Chitnis پارک اور Mahal علاقوں میں آنسو گیس کے گولے داغنے اور ہجوم کو منتشر کرنے کیلئے لاٹھی چارج کیا۔ سائبر ٹیموں نے CCTV فوٹیج کا جائزہ لیا اور پولیس نے تلاشی کی مہم انجام دے کر تقریباً اُن 15 سماج دشمن عناصر کو گرفتار کیا جو تشدد میں ملوث تھے۔

مرکزی وزیر نتن گڈکری اور مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڈ نویس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں اور امن اور ہم آہنگی برقرار رکھیں۔ ناگپور پولیس کمشنر ڈاکٹر رویندر سنگل نے ناگپور کے Mahal علاقے میں دفعہ144 نافذ کردی ہے تا کہ امن و قانون کی صورت حال کو بحال کیا جا سکے۔ اضافی پولیس اہلکاروں اور SPRF کی ایک ٹیم کو بھی صورتحال پر قابو پانے کے لیے تعینات کیا گیا ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM-MP PODCAST VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی نے پوڈکاسٹر Lex Fridman کے ساتھ بات چیت کے دوران شیڈول ضلع میں وِچارپور گاؤں کے اپنے دورے کو یاد کیا۔ انھوں نے وِچارپور گاؤں کو ایک چھوٹا برازیل قرار دیا۔

اِس سلسلے میں تفصیل بھوپال کے ہمارے نامہ نگار سے۔ **Capsule Sanjeev Sharma**

*وِچارپور کے کھلاڑی اور کوچ، وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے اُن کے گاؤں کا ذکر کیے جانے پر بے حد خوش ہیں۔ فٹ بال کوچ رئیس احمد نے، وزیراعظم نریندر مودی کے اِس اظہار کے لیے شکریہ ادا کیا۔ Renu Kewat اور سیتا رام نے کہا کہ اِس سے کھلاڑیوں کے حوصلے میں اضافہ ہوگا۔*

*وزیراعظم نے من کی بات کے اپنے 103ویں نشریے میں وچار پور کا ذکر کیا تھا۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ اِس گاؤں کے ہر کنبے کے لوگ چار دہائیوں سے فٹ بال کھیل رہے ہیں۔ اب تک قومی سطح کے تقریباً 80 کھلاڑیوں کا تعلق اِس گاؤں سے ہے۔x*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......*

**BANKS OPEN**

اس سال 31 مارچ کو سرکاری چھٹی کے باوجود سبھی بینک کام کاج کیلئے کھلے رہیں گے۔ بھارتی ریزرو بینک نے ایک نوٹیفکیشن میں کہا ہے کہ موجودہ مالی سال میں ہی سرکاری وصولیابیوں کو درج کرنے اور ادائیگیاں کرنے میں سہولت کی خاطر ملک بھر میں خصوصی کام کاج کیلئے ضروری انتظامات کئے گئے ہیں۔ بینکوں کیلئے علیحدہ ہدایات جاری کرتے ہوئے RBI نے اُن سے معمول کے کام کاج کے اوقات کے مطابق 31 مارچ کو اپنی شاخیں کھلی رکھنے کو کہا ہے۔x

**GABBARD-BANGLADESH**

امریکی انٹیلیجنس کی چیف تُلسی گبارڈ نے کہا ہے کہ امریکہ کو بنگلہ دیش میں ہندوؤں سمیت مذہبی اقلیتوں کو مسلسل نشانہ بنائے جانے پر گہری تشویش ہے۔ ایک نجی ٹی وی چینل کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں امریکہ کی قومی انٹیلیجنس کی چیف نے بنگلہ دیش میں ابتر صورتحال پر تشویش ظاہر کی اور انتہا پسند طاقتوں اور اسلام کے نام پر دہشت گردی پھیلانے والوں سے نمٹنے کے ٹرمپ انتظامیہ کے پختہ عزم کو اجاگر کیا۔ محترمہ گبارڈ نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے بنگلہ دیش میں محمد یونس کی قیادت والی عبوری سرکار سے پہلے ہی بات چیت شروع کردی ہے۔ انہوں نے بنگلہ دیش سمیت دنیا کے مختلف حصوں میں اسلامی نظام قائم کرنے کے انتہا پسند اور دہشت گرد عناصر کے خطرناک عزائم کے بارے میں بھی بات کی۔ انہوں نے اسے ایک عالمی رجحان قرار دیا اور کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ اس سے نمٹنے کیلئے اپنی پالیسیوں کو ترجیح دے رہی ہے۔ انٹیلیجنس کی چیف نے کہا کہ امریکی صدر نے شدت پسند اسلامی دہشت گردی سے نمٹنے کے سلسلے میں اپنا موقف واضح کردیا ہے۔x

**TRUMP PUTIN TALKS**

روس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ صدر ولادیمیر پُتن اور امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ یوکرین تنازع کو ختم کرنے پر آج بات چیت کریں گے۔Kremlin کے ترجمان دِمتری Peskov نے کہا ہے کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت کے لیے تیاریاں جاری ہیں۔ اتوار کو صدر ٹرمپ نے یوکرین میں جنگ کو ختم کرنے کی اپنی کوششوں کے حصے کے طور پر روس کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کے اپنے منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ انھوں نے اِس بات کا بھی ذکر کیا تھا کہ اِس بات چیت میں زمین اور توانائی کے پلانٹس کلیدی موضوعات ہوں گے۔x

**NASA US ASTRONOUTS**

بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر 9 مہینے سے زیادہ پھنسے ہوئے امریکہ کے دو خلانورد سنیتا ولیمز اورButch Willmore آج رات زمین پر واپس آجائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: V/C Aisharwaya

ناسا نے کہا ہے کہ سنیتا ولیمز اور Butch Willmore کو ایک اور امریکی خلانورد اور ایک روسی خلانورد کے ساتھ وطن واپس لے جایا جائے گا، جو ایک Space X Crew Dragon Craftمیں ہوں گے۔ یہ دونوں جون سے ISS موجود ہے جب Boing Star Lines Space Craft نے، جس کی وہ جانچ کر رہے تھے، پروپلشن کے مسائل کا سامنا کیا تھا اور اس کی پہلی انسانی پرواز پر اِسے زمین پر واپس لے جانے کے لیے تکنیکی طور پر اسے درست قرار نہیں دیا گیا۔ ناسا کے خلانوردNick Hague اور Roscosmos کے خلاباز الیکزینڈرGorbunov بھی ڈریگن کیپسول میں واپس آئیں گے۔ سنیتا ولیمز اور بُچ وِلمور کے لیے ایک ایسے سفر کا اختتام ہوگا جو محض چند دنوں کے لیے تھا،لیکن مسائل کی وجہ سے 9 ماہ تک بڑھ گیا۔x

دلی سے ایشوریا رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

## IMD-WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج شمالی اوڈیشہ کے اندرونی علاقوں میں دور دور تک گرمی کی شدید لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ ساحلی گجرات، کونکن، گوا اور شمالی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں آج گرمی اور اُمس والا موسم رہے گا۔ اِن علاقوں میں اگلے دو سے تین روز کے دوران بھی اسی طرح کے موسم کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے شمال مشرقی ریاستوں میں ہواؤں کے شدید جھکڑوں اور بجلی کے ساتھ گرج چمک کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اوڈیشہ، تملناڈو، پڈوچیری ، کرائیکل، کیرالہ، ماہے اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں گرج چمک اور بجلی کا بھی امکان ہے۔x

## BOXING LOS ANGELES OLYMPICS

بین الاقوامی اولمپکس کمیٹی IOC نے 2028 کے لاس انجلیس اولمپک کھیلوں میں باکسنگ کو شامل کئے جانے کی منظوری دے دی ہے۔ گزشتہ مہینے IOC کی جانب سے عالمی باکسنگ کو عبوری طور پر تسلیم کئے جانے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے ورلڈ باکسنگ کے صدر Boris Van Der Vorst نے کہا کہ یہ اولمپک باکسنگ کیلئے ایک نہایت اہم اور لازمی فیصلہ ہے اور یہ اولمپک کھیلوں میں، اس کھیل کو بحال کرنے کی جانب ایک قدم ہے۔x

## US-H7 N9 BIRD FLU

امریکہ میں 2017 کے بعد سے H7 N9 کی خطرناک بیماری ایک بار پھر سامنے آئی ہے۔ امریکہ ایک بار پھر اس برڈ

فلو کی بیماری سے دوچار ہے اور یہ بیماری انسانی زندگیوں پر اثر انداز ہورہی ہے اور وہاں انڈوں کی قیمتیں ریکارڈ سطح پر مہنگی ہوگئی ہیں۔ انفلوائنزا کا پھیلاؤ، جسے عام طور پر برڈ فلو کہا جاتا ہے، اس نے پوری دنیا کو تشویش میں مبتلا کردیا ہے، اس کی وجہ سے سامان کی سپلائی اور غذائی اشیاء مہنگی ہوگئی ہیں۔ اس بیماری نے حالیہ برسوں میں پولٹری فارم کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور امریکہ میں ایک شخص کی موت H5 N1 کی وجہ سے ہوئی ہے۔×

**CHATTISGARH-MOISTS**

چھتیس گڑھ میں 19 ماؤنوازوں نے بیجاپور ضلع میں خودسپردگی کردی ہے۔ پولیس کے ضلع سپرنٹنڈنٹ جتیندر کمار یادو نے کہا ہے کہ ان ماؤنوازوں پر کُل 29 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ ان سبھی ماؤنوازوں کو ریاستی سرکار کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت 25 ہزار روپے کی ترغیبی رقم دی گئی ہے۔

اس دوران ایک ماؤنواز، جس پر ایک لاکھ روپے کا انعام تھا، اُس نے کل Kondagaon ضلع میں پولیس کے سامنے خودسپردگی کردی۔ اس کے علاوہ CRPF اور ضلع پولیس کی ایک مشترکہ ٹیم نے دانتے واڑہ ضلع کے Malevahi علاقے میں تلاشی کی ایک کارروائی کے دوران پانچ کلو IED ضبط کیا۔ اسے موقع پر ہی ناکارہ کردیا گیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسداللہ

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب، سہارا، اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے بھارت نیوزیلینڈ کے درمیان کئی اہم معاہدوں پر دستخط کئے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ اس معاہدے میں دفاعی شراکت داری سمیت غیر قانونی نقل مکانی، تعلیم اور آزاد تجارتی معاہدے شامل ہیں۔

روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، جس میں انہوں نے مختلف بحری خدمات کے حکام پر زور دیا ہے کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے بھارتی بحریہ کو بہترین خدمات فراہم کرکے ملک کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ جبکہ روزنامہ ملاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی امریکی انٹیلیجنس کی سربراہ سے ملاقات کی خبر کو بوکس میں شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخباروں میں مدھیہ پردیش کی صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے اہم فیصلہ لئے جانے اور صحت کے خطرات سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دینے کی حکومت کی پہل کو آج کے اخبارات نے نمایاں کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 بھارت اور نیوزیلینڈ نے دفاع، تعلیم، کھیلوں، باغبانی اور جنگلات کے شعبوں میں پانچ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔

-2 لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج دلّی اسمبلی کے نومنتخب ارکان کیلئے دو روزہ **Orientation** پروگرام کا آغاز کریں گے۔

-3 مہاراشٹر کے ناگپور شہر میں تشدد کے پیش نظر امتناعی احکامات نافذ کردیئے گئے ہیں۔

-4 امریکہ نے بنگلہ دیش میں مذہبی اقلیتوں کو مسلسل نشانہ بنائے جانے پر گہری تشویش ظاہر کی ہے۔

-5 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے اُن کے ہم منصب ولادیمیر پوتن یوکرین جنگ ختم کرنے کے سلسلے میں آج بات چیت کریں گے۔

-6 اور : بین الاقوامی اولمپک کمیٹی نے **2028** کے لاس اینجلس اولمپک گیمس میں باکسنگ کو شامل کئے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------